URDU

Home Connection

عزیز والدین/ سرپرست:

خاندانی زندگی کی تعلیم میں پڑھائے جانے والے جذباتی اور معاشرتی صحت کے ترمیم شدہ نصاب کے حصے کے طور پر، آپ کا بچہ مختلف قسم کے موضوعات کے متعلق سیکھے گا، جس میں انٹرنیٹ کا محفوظ استعمال اور موبائل ڈیوائسیں شامل ہیں۔ سیکنڈری لیول پر طلباء کے لیئے، ذاتی ڈیوائسوں اور سوشل میڈیا کے مناسب استعمال اور باہمی تعلقات پر ان ذرائع کے ہونے والے اثرات کے بارے میں سمجھ بوجھ انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

درج ذیل وہ صلاحیتیں بیان کی گئی ہیں جو آپ اپنے بچے کو گھر، اسکول یا کسی اور جگہ پر ٹیکنالوجی کے محفوظ استعمال کے حوالے سے بتا سکتے ہیں۔

- ✓ اپنی ذاتی معلومات کسی کو بھی نہ دینا (نام، پتہ، فون نمبر)
- ✓ سوشل میڈیا کا مناسب استعمال کرنا
- ✓ نا مناسب رویوں کے ممکنہ نتائج سمجھنا (مثال کے طور پر کسی دوست کو کھو دینا، نوکری ختم ہو جانا، قانونی معاملات)
- ✓ کسی بھی طرح کے ذاتی یا نجی موضوعات میں حصہ نہ لینا جس میں جنسی طور پر واضح گفتگو اور فحش تصویریں لینا اور/ یا بھیجنا شامل ہے۔
- ✓ اسکول یا کام کے دوران ڈیوائس کی آواز بند/ vibrate پر رکھنا
- ✓ مناسب اوقات میں ڈیوائس کا استعمال کرنا (جیسا کا وقفوں کے دوران)
- ✓ اسکول یا کام کے دن کے دوران سوشل میڈیا کے استعمال سے گریز کرنا

ٹیکنالوجی کے محفوظ استعمال کے حوالے سے Common Sense Media پر والدین کے لیئے، مختلف موضوعات کے بارے میں ذرائع دستیاب ہیں، جن میں سیل فون اور سوشل میڈیا شامل ہے https://www.commonsensemedia.org/cellphone-parenting.

خاندانی زندگی کی تعلیم کے نصاب میں بلوغت اور حفظان صحت، تولیدی علم تشریح، انسانی تولیدی نظام اور پیدائش اور بچاؤ اور انکار کرنے کی صلاحیتوں پر بھی، ترمیم شدہ اسباق شامل ہیں۔ اپنے بچے کے ساتھ ان موضوعات پر مزید بات چیت کرنے کے لیئے، آپ "معذوری کے حامل طلباء کے لیئے جنسی تعلیم" سے اضافی مواد ڈھونڈ سکتے ہیں، جو والدین کے لیئے معلومات اور ذرائع کے مرکز کی اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ https://www.parentcenterhub.org/sexed/.

ہمارے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیئے، اسکول کے ساتھ مل کر کام کرنے کا شکریہ۔ اگر آپ کوئی سوال یا خدشات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی، مجھ سے رابطہ کریں۔

مخلص،

خصوصی تعلیمی ٹیچر